Day: 14-07-25 Date: جمعہ شریف

# الفوز الکبیر ٹوٹل صفحات "155"

40% کے معروضی سوالات — 62
80% کے مختصر سوالات — 124
100% کے طویل سوالات — 155

**سوال نمبر 1** الفوز الکبیر کس موضوع پر لکھی گئی کتاب ہے؟

الفوز الکبیر اصول التفسیر کے موضوع پر لکھی گئی کتاب ہے۔

**سوال نمبر 2** الفوز الکبیر کے مصنف کا نام تحریر کریں۔

الفوز الکبیر کے مصنف کا نام قطب الدین احمد ہے اور آپ شاہ ولی اللہ کے نام سے مشہور ہوئے

**سوال نمبر 3** الفوز الکبیر کے مصنف کی تاریخ پیدائش لکھیں۔

شاہ ولی اللہ 4 شوال 1114ھ 10 فروری 1703 کو مظفر نگر بھارت میں پیدا ہوئے۔

**سوال نمبر 4** الفوز الکبیر کے مصنف کی کوئی سی تین تصانیف تحریر کریں۔

شاہ ولی اللہ نے بہت سی تصانیف تحریر فرمائی ہیں جن کی تعداد تقریباً 50 کے قریب ہے i- الفوز الکبیر ii- تاویل الاحادیث iii- المسوّی

**سوال نمبر 5** قرآن مجید میں کتنے علوم بیان ہوئے ہیں؟ فقط نام تحریر کریں۔

قرآن مجید میں پانچ علوم بیان کیے گئے۔

i- علم الاحکام ii- علم المخاصمة iii- علم التذکیر بآلاء اللہ
iv- علم التذکیر بایام اللہ v- علم التذکیر بالموت

**سوال نمبر 6** علم الاحکام میں کن چیزوں کو بیان کیا گیا ہے؟

اس سے مراد وہ احکام ہیں جو واجب، مکروہ، مباح، مندوب، حرام، عبادات معاملات یا تدبیر منزل یا سیاسی قسم میں سے ہیں۔

Scanned with CamScanner

علم المخاصمۃ میں کن کن اشیاء کا بیان ہے؟

اس میں چار گمراہ فرقوں کا دلیل کے ساتھ رد بیان ہوا ہے "مشرکین، منافقین، یہودی، عیسائی"

علم التذکیر بالموت میں کس چیز کا بیان ہوا ہے؟

اس میں وہ چیزیں بیان ہوئی جن کا تعلق مرنے کے بعد ہے۔ "حشر نشر، حساب، میزان، جنت دوزخ"

علم التذکیر بآلاء اللہ میں کس کو بیان کیا گیا ہے؟

اس میں زمین اور آسمان کو پیدا کرنے بندوں کو الہام کرنے کا بیان ہے جو مناسب ہو ان کے لیے اور اللہ تعالیٰ کی صفات کمالیہ کا بیان ہے۔

علم التذکیر بایام میں کن چیزوں کو بیان کیا گیا ہے؟

اس میں اس علم کا بیان ہے جس کے ذریعے مشیت الٰہی کے مطابق فرمانبرداروں اور اطاعت کرنے والوں کو انعام اور عاصیوں اور مجرموں کو دیے جانے والے عذاب جیسے واقعات کو بیان کیا گیا ہے۔

علوم خمسہ کو بیان کرنے میں قرآن کا اسلوب بیان کریں۔

قرآن مجید میں ان علوم خمسہ کو بیان کرنے کے لیے قدیم عربوں کا اسلوب اختیار کیا گیا ہے اور یہ اسلوب بعد کے عربوں کے پاس موجود نہیں ہے قرآن نے احکامی آیات کو مختصر انداز میں بیان کیا ہے۔ فقہاء کی طرح تفصیل اور جزئیات کو بیان نہیں کیا۔ اسی طرح علم مخاصمۃ کی آیات میں مخالفوں کے عقیدوں پر تقریری انداز میں کلام کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی ہدایت کے لیے جو کچھ ضروری تھا اسے عام ترتیب میں بیان نہیں کیا بلکہ آسان انداز میں بیان کیا ہے۔

آیت کے شان نزول سے کیا مراد ہے؟

مفسرین جب کسی آیت کی تفسیر بیان کرتے ہیں خواہ اس کا تعلق احکام سے ہو یا مخاصمۃ سے ہو اس کے ساتھ کوئی واقعہ چسپاں کر دیتے ہیں اس واقعہ کو آیت کا شان نزول کہتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

Day: Date:

سوال نمبر 13 نزول قرآن کے مقاصد (شانِ نزول) کتنے اور کون سے ہیں بیان کریں ؟

نزول قرآن کے تین مقاصد (شانِ نزول) بیان کیے گئے ہیں اسکے مقاصد (شانِ نزول) میں سے

i۔ علم مخاصمۃ کی آیات کا شانِ نزول لوگوں کے غلط عقیدے ہیں

ii۔ علم احکام کی آیات کا شانِ نزول لوگوں کے بُرے اعمال اور ایک دوسرے پر ظلم کرنا ہے

iii۔ باقی تین علوم کی آیات کا شانِ نزول یہ ہے کہ لوگ اللہ کی نعمتوں، اس کی نشانیوں موت اور آخرت سے غافل ہیں۔

سوال نمبر 14 نزول قرآن کے مقاصد بیان کریں۔

نزول قرآن کے چند مقاصد درج ذیل ہیں:۔

i۔ تہذیب، اصلاح انواع بشر ii۔ عقائد باطلہ کو مٹا دینا

iii۔ اعمال فاسدہ کی نفی کرنا

سوال نمبر 15 مشرکین اپنے آپ کو کیا کہتے تھے نیز کہنے کی وجہ بھی تحریر کریں ؟

مشرکین اپنے آپ کو حنفی کہتے ہیں وہ اس وجہ سے کہ ان کا دعویٰ تھا کہ وہ دینِ ابراھیمی پر چلتے ہیں حنیفی وہ ہیں جو دینِ ابراھیمی کی پیروی کرتے ہیں۔

سوال نمبر 16 ابراھیمی طریقے میں کتنی چیزیں شامل تھی ؟ نیز شعائر اور شرائع بیان کریں۔

i۔ خانہ کعبہ کا حج کرنا ii۔ نماز میں خانہ کعبہ کی طرف منہ iii۔ جنابت کی حالت میں غسل

iv۔ ختنہ کرنا v۔ حرمت والے ماہ کا احترام vi۔ محرم عورتوں سے نکاح نہ کرنا

vii۔ مسجد کا احترام viii جانور کو ذبح کرنا **ان کو شعائر کہتے ہیں**

دینِ ابراھیمی میں یہ احکام بھی شامل جن پر عمل کرنا نیکی اور بھلائی ہے

i۔ وضو کرنا ii۔ نماز پڑھنا iii۔ روزہ رکھنا

iv۔ صدقہ کرنا v۔ دوسروں کے کام آنا vi۔ رشتہ داروں کی مدد کرنا

ان تمام اشیاء کو شرائع کہتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

Date:

Day:

## ملت ابراہیمی کے ساتھ مشرکین کا رویہ بیان کریں۔

یہ تمام چیزیں ان کے ہاں مشروع تھی لیکن اکثر مشرکین یہ چیزیں چھوڑ بیٹھے اور ان کا شعائر کے ساتھ ایسا رویہ تھا گویا کہ ان کے مابین کوئی وجود ہی نہ تھا۔

## مشرکین کے عقائد بیان کریں۔

1۔ وہ اللہ تعالیٰ کو صانع مانتے تھے 2۔ زمین و آسمان کو پیدا کرنے والی ذات اللہ کی ہے

3۔ اللہ بڑے حوادث کی تدبیر فرمانے والا ہے 4۔ رسولوں کو بھیجنے پر قادر ہے

5۔ اپنے بندوں کو جزا دینے پر قادر ہے 6۔ اس کے مقرب بندے فرشتے ہیں تعظیم کے حقدار

یہ تمام چیزیں ان کے عقائد میں شامل تھی۔

## مشرکین کی گمراہیاں اجمالی طور پر بیان کریں۔

i۔ شرک ii۔ تشبیہ iii۔ تحریف iv۔ انکار معاد

v۔ استبعاد رسالت vi۔ شیوع اعمال قبیح vii۔ باہم ظلم عام ہونا

viii۔ فاسد رسومات کی پیروی ix۔ عبادت کو مٹانا

## شرک کسے کہتے ہیں مثال کے ساتھ بیان کریں۔

وہ صفات جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہیں ان میں سے کوئی صفت غیر اللہ کے لئے ثابت کرنا شرک ہے جیسے علم ذاتی، عالم میں تصرف کرنا، مریض کو شفاء دینا

## علم ذاتی کسے کہتے ہیں؟

وہ علم جو حواس کے اکتساب کے بغیر حاصل ہو اس کو علم ذاتی کہتے ہیں۔

## تشبیہ سے کیا مراد ہے؟

اس سے مراد صفات بشریہ کو اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت کرنا مثال جیسے فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں وہ ان کی شفاعت قبول کرتا ہے اگرچہ ان سے راضی نہ ہو۔

Scanned with CamScanner

Day: Date:

سوال نمبر 23 تحریف کا کیا مطلب ہے؟

اس کا مطلب ہے بدلنا یعنی اصل دین کو بدل دینا اولاد اسماعیل علیہ السلام اپنے دادا کی شریعت پر تھی پھر عمرو بن لحی آیا اللہ اس پر لعنت کرے پھر اس نے قوم کے لئے بت رکھے اور ان کی عبادت کو جائز قرار دیا۔

سوال نمبر 24 سام الحیرہ کا واقعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے کتنے سال پہلے ہوا؟

یہ واقعہ پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے 300 سال پہلے ہوا تھا۔

سوال نمبر 25 انکار معاد سے کیا مراد ہے؟

اس سے مراد موت کے بعد اٹھائے جانا ہے ہمارے انبیاء و سابقین نے حشر و نشر کو بیان تو فرمایا مگر وضاحت نہ کی جس وجہ سے مشرکین نے اس کو بعید جانا تھا۔

سوال نمبر 26 استبعاد رسالت کا کیا مطلب ہے؟

مشرکین اگرچہ ابراہیم و اسماعیل و موسی علیہم الصلاۃ والسلام کی نبوت کا اعتراف کرتے تھے لیکن صفات بشریہ جو انبیاء کاملین کے جمال کا حجاب ہے ان کو تشویش میں ڈال دیا اور مشرکین اللہ کی تدبیر کی حقیقت کو پہچان نہ سکے پھر یہ رسالت کو بعید جانتے کہتے تھے نبی ہم سے الگ ہونا چاہیے یہ کیسا نبی ہے جو کھاتا پیتا ہے۔

سوال نمبر 27 مشرکین کے شرک کے جوابات تحریر کریں۔

i۔ دلیل طلب کرنا اپنے آباء کی تقلید کے سبب تمسک توڑنا

ii۔ بندے اور اللہ تعالی کے مابین عدم تساوی کو بیان کرنا

iii۔ مسئلہ توحید پر اجماع انبیاء کو بیان کرنا iv۔ بتوں کی برائی کو بیان کرنا

سوال نمبر 28 مشرکین کے تشبیہ کے جوابات تحریر کریں۔

i۔ دلیل طلب کرنا اپنے آباء کی تقلید کے سبب تمسک توڑنا

ii۔ والد اور ولد کے درمیان جنسیت کو بیان کرنا iii۔ مشرکین جو اپنی جانوں کے مکروہ جانتے تھے ان کا اس چیز کو اللہ کے لئے ثابت کرنا کی برائی بیان کرنا

Scanned with CamScanner

Day: Date:

سوال نمبر 29 تحریف کے جو رباط بیان کریں۔

ملت ابراہیمی سے تحریف کے منقول نہ ہونے کو بیان کرنا کے تمام کا تمام افتراء اور افتراء ہے۔

سوال نمبر 30 استبعاد حشر و نشر کے جو رباط کو تحریر فرمائیں۔

زمین کے زندہ ہونے پر قیاس کرنا کے جس طرح اللہ بنجر زمین زندہ کرنے پر قادر ہے اسی طرح مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرنے پر بھی قادر ہے۔

اس چیز کو بیان کرنا کہ جو کتابیں پہلے تھیں اس میں بھی حشر و نشر کا بیان ہے

سوال نمبر 31 استبعاد ارسال رسل کے جو رباط بیان فرمائیں۔

رسولوں کا پہلی والی امتوں میں پائے جانے کو بیان کرنا۔

یہ بیان کرنا کے رسالت کا ایک نام وحی بھی ہے۔

مصلحت ملکی کی وجہ سے ان مطالبات کے ظاہر نہ ہونے کو بیان کرنا جسکا مشرکین نے مطالبہ کیا تھا۔

سوال نمبر 32 مشرکین کے احوال کو مثال کے ساتھ بیان کریں۔

مشرکین کے احوال اور ان کے عقائد و اعمال کو اگر کوئی جاننا چاہتا ہے تو آج کل کے پیشوا اور لوگوں کی طرف دیکھے کے وہ کیسے غلط خیالات کا اعتقاد رکھتے ہیں وہ اولیاء متقدمین کو تو مانتے ہیں مگر متاخرین کو نہیں مانتے وہ ان کی قبور کی طرف جاتے تو ہیں مگر اس کو شرک کی نوع سے بیان کرتے ہیں۔

حدیث صحیح میں ہے کہ (لتتبعن سنن من کان قبلکم) انہوں نے آباء کی پیروی کی وہ بھی عام تھا یہ بھی ہو گئے

سوال نمبر 33 مضامین کے تکرار کا سبب بیان کریں۔

ان جاہلوں اور کم عقلوں سے اس انداز میں کلام کرنا زیادہ مناسب تھا اس لیے اکثر سورتوں اور نبوت و رسالت کے متعلق مضامین کو بار بار نئے انداز میں تاکید کے ساتھ دہرایا گیا۔

Scanned with CamScanner

Day: Date:

سوال نمبر 34 یہود کس کتاب پر ایمان رکھتے تھے؟

یہودی تورات پر ایمان رکھتے تھے جو موسیٰ علیہ السلام کو دی گئی تھی۔

سوال نمبر 35 یہودیوں کی گمراہیاں اجمالاً بیان کریں۔

1- احکام تورات میں تحریف 2- کتمان آیات

3- افتراء آیات میں زیادتی 4- اپنے مذہب کو بڑھا کر بیان کرنا

5- احکامات پر عمل میں سستی 6- رسالت کو بعید جاننا

7- بے ادبی و طعن کی نسبت پیارے آقا کی طرف کرنا 8- ان کا بخل اور حرص میں مبتلا ہونا

سوال نمبر 36 تحریف کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟

تحریف کی دو اقسام ہیں ... 1- تحریف معنوی 2- تحریف لفظی

لفظ و عبارت کو اصل جگہ سے غیر کی طرف پھیرنے کا نام **تحریف لفظی** ہے

تکلم کرتے ہوئے لفظ کے معنی مراد کو غیر مراد پر فاسد تاویل کے ساتھ محمول کرنا
اس کو **تحریف معنوی** کا نام دیا گیا ہے۔

سوال نمبر 37 احکام تورات میں تحریف کی وضاحت کریں۔

شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں یہودی اصل تورات میں تحریف نہ کرتے تھے بلکہ تورات کے تراجم و تفاسیر میں تحریف کرتے تھے ابن عباس کا قول بھی یہی ہے۔

سوال نمبر 38 تحریف معنوی کی کوئی دو مثالیں بیان کریں۔

1 دین کی تصدیق کرنے والے مذہبی فاسق اور کافر انکار کرنے والے کے مابین فرق
ہر ملت میں واضح بیان ہوا کہ کافر ہمیشہ دوزخ میں رہے گا فاسق آقا کی شفاعت سے جنت میں

2 اللہ نے ہر قوم میں احکامات بیان فرمائے جو ان کے تقاضوں کے مطابق تھے
اور ان کو تاکید کے ساتھ ان پر عمل کرنے کا حکم دیا گیا۔

3 اللہ نے ہر ملت میں انبیاء کو القابات سے نوازا اور منکرین ملت کو صبغتی فرمایا
ان مثلہ کا صرف اشارہ دیا گیا ہے باقی مکمل کتاب میں موجود ہے

Scanned with CamScanner

Day: Date:

سوال نمبر 39: کتمان آیات کے اسباب تحریر کریں۔

i. جاہ شریف کی حفاظت ii. منصب عزیز کو حاصل

iii. لوگوں کے دلوں سے سرداری کے جانے کا ڈر

iv. لوگوں کے ملامت کرنے سے بچنے اور عمل کے ترک کرنے سے

سوال نمبر 40: کتمان آیات کی کوئی دو مثالیں تحریر کریں۔

**مثال اول:** تورات میں رجم کا حکم زنا کرنے والے کے لئے ثابت تھا مگر یہودیوں نے اس کو چھپا دیا اور اس کی جگہ کوڑوں اور منہ کالا کرنے کو قائم کر دیا۔

**مثال ثانی:** وہ آیات جن میں حضرت ہاجرہ اور اسماعیل کو ان کی اولاد میں سے نبی کے مبعوث ہونے کی بشارت ایک امت کے وجود پزیر ہونے کا اشارہ کیا گیا تھا وہ یوں تاویل بیان کرتے ہیں ان آیات کے اندر صرف ملک کے وجود کی ہے۔

سوال نمبر 41: اسباب الحاق جو آیات تورات میں نہیں اس کے اسباب بیان کریں۔

i. تعمق اور تشدد کاروں کے علماء اور سرداروں کے اندر داخل ہونا

ii. بعض احکامات کا استنباط کرنا نص شارع کے بغیر

iii. کمزور رواجوں کو ظاہر کرنا

سوال نمبر 42: یہودیوں کے اسباب تساہل کو بیان فرمائیں۔

1 = یہودیوں تورات کے احکامات بجا لانے میں سستی کیا کرتے تھے۔

2 = بخل اور حرص میں مبتلا تھے۔

3 = یہ کمینہ پن ان لوگوں میں رنگ رنگ سے ظاہر ہوا تھا۔

4 = اس کے باوجود یہ اسے تاویل فاسد کے ساتھ صحیح قرار دینے کی کوشش کیا کرتے تھے۔

سوال نمبر 43: اسباب استبعاد رسالت بیان کریں۔

1۔ نبی کی عادات و احوال کا مختلف ہونا 2۔ احکامات دین کا مختلف ہونا

3۔ انبیاء کا نبیوں کے معاملات میں طور طریقوں کا مختلف ہونا 4۔ بنی اسرائیل میں سے نبی کا آنا

Day: Date:

سوال نمبر 43 یہود کے احوال کی وضاحت مثال کے ساتھ بیان کریں۔

اگر آپ یہودیوں کے احوال سے واقف ہونا چاہتے ہیں تو آج کے علماء سوء کی طرف دیکھیں جو دنیا کو طلب کرتے ہیں سلف باطلہ کی پیروی کرتے ہیں۔ کلام شارع سے منہ پھیر گئے۔ کتاب نصوص سے اعراض کریں گے۔

سوال نمبر 44 نصاری کس نبی علیہ السلام پر ایمان رکھتے ہیں۔

نصاری حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان رکھتے تھے۔

سوال نمبر 45 نصاری کی گمراہیاں بیان کریں۔

ان کی گمراہیوں میں سے ایک یہ بھی تھا کہ وہ ~~عیسیٰ علیہ السلام~~ رب تعالیٰ کے لئے تین اجزاء جو کہ ایک اعتبار سے الگ دوسرے اعتبار سے متحد ہیں ان کو اقانیم ثلاثہ کہتے ہیں

سوال نمبر 46 اقانیم ثلاثہ کونسے ہیں؟

i- الاب، جو کہ مبداء عالم کے مقابل ہیں

ii- ابن، یہ صدر اول کے مقابلے میں ہیں

iii- روح القدس، عقول مجردہ کے مقابلے میں ہے

سوال نمبر 47 نصاری کا عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق عقیدہ بیان کریں۔

ان کا عقیدہ تھا کہ بیٹے کی شخصیت نے عیسیٰ علیہ السلام کا لبادہ اوڑھا ہوا ہے یعنی بیٹا عیسیٰ علیہ السلام کی صورت میں ظاہر ہوگا جس طرح جبرئیل روحی اور بشری صورت میں ظاہر ہوتے ہیں وہ کہتے تھے عیسیٰ خدا ہے خدا کا بیٹا بھی آپ پر احکام احدیہ والہیہ ایک ساتھ جاری ہوتے ہیں

سوال نمبر 48 نصاری کس طرح تورات سے استدلال کرتے تھے؟

استدلال کرتے تھے کہ انجیل میں لفظ ابن آیا ہے اس سے مراد عیسیٰ علیہ السلام ہیں آپ نے بعض افعال الٰہیہ کو اپنی طرف منسوب بھی کیا ہے۔

Scanned with CamScanner

Day: Date:

سوال نمبر 49 ابن اللہ اور بعض افعال الٰہی کو منسوب کرنے سے جو اشکال ان کے جوابات بیان کریں۔

**اشکال اول کا جواب:** ابن اللہ سے مراد یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے کلام میں تحریف نہیں ہے قدیم زمانے میں لفظ ابن مقرب محبوب مختار کے معنی میں استعمال تھا۔

**اشکال ثانی کا جواب:** دوسرا جواب بر سبیل حکایت ہے جیسے کوئی بادشاہ کسی وزیر کو کسی ملک کی طرف بھیجتا ہے وہ اسے فتح کریں تو وہ کہتے ہیں ہم نے قلعہ فتح کیا حقیقت میں معنی رجوع ہوتا ہے بادشاہ کی طرف وہ مخفی ترجمان ہوتے ہیں

سوال نمبر 50 منافق کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟

منافق کی دو اقسام ہیں 1. نفاق اعتقادی 2. نفاق عملی

سوال نمبر 51 نفاق اعتقادی اور نفاق عملی کی تعریفات کریں۔

ایسی قوم جو گمراہی کو قبول کریں گے ان کے دل کفر پر جمے ہوں گے اور اپنی جانوں میں برائیوں کو چھپائیں گے۔ نفاق اعتقادی۔

یہ وہ گروہ ہے جو ضعف ایمان کے سبب اسلام میں داخل ہوئے تھے نفاق عملی۔

سوال نمبر 52 صاحب نفاق عملی کی کتنی صورتیں ہیں؟

1. ان میں کچھ لوگ قوم کی پیروی کرتے ہیں اگر قوم ایمان لائے گی تو ایمان لائیں گے کفر کرے گی تو کفر کریں گے
2. ان میں کچھ لوگ ایسے ہیں جن کے دلوں میں دنیا کی محبت ایسے رچ بس گئی کہ اللہ و رسول کی محبت کی کوئی جگہ نہ رہی
3. بعض لوگ وہ ہیں جن کے دلوں میں مال کی حرص، حسد، بغض داخل ہو گیا اور وہ حلاوت مناجات، برکات عبادت نہ پا سکے
4. بعض وہ ہیں جو امور معاش میں اتنے مشغول ہو گئے کہ امور معاد کے بارے میں غور کرنے کا وقت نہ ملا
5. بعض وہ ہیں جن کے دلوں میں حضور پاک کی رسالت کے بارے میں شک و شبہات تھے۔

سوال نمبر 53 نفاق کی دونوں اقسام پر مطلع ہونے کی صورت بیان کریں۔

نفاق کی پہلی قسم پر مطلع ہونا ناممکن ہے کیونکہ یہ علم غیب کی قبیل سے ہے اور یہ ہمارے لئے ممکن نہیں ہے دوسری قسم پر مطلع ہونا ممکن ہے یہ ہمارے ہاں عام پائی جاتی ہے۔

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 49 ابن اللہ اور بعض افعال الٰہی کو منسوب کرنے سے جو اشکال ان کے جوابات بیان کریں۔

**اشکال اول کا جواب:** ابن اللہ سے مراد یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام
کے کلام میں تحریف نہیں ہے قدیم زمانے میں لفظ ابن مقرب محبوب
مختار کے معنی میں استعمال تھا۔

**اشکال ثانی کا جواب:** دوسرا جواب بر سبیل حکایت ہے جیسے کوئی
بادشاہ کسی وزیر کو کسی ملک کی طرف بھیجتا ہے وہ اسے فتح کریں تو وہ
کہتے ہیں ہم نے قلعہ فتح کیا حقیقت میں معنی رجوع ہوتا ہے بادشاہ کی طرف وہ مخفی ترجمان ہوتے ہیں

سوال نمبر 50 منافق کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟

منافق کی دو اقسام ہیں 1۔ نفاق اعتقادی 2۔ نفاق عملی

سوال نمبر 51 نفاق اعتقادی اور نفاق عملی کی تعریفات کریں۔

ایسی قوم جو کہ ایمان کو قبول کریں گے ان کے دل کفر پر جمے ہوں گے اور اپنی
جانوں میں برائیوں کو چھپائیں گے۔ نفاق اعتقادی۔

یہ وہ گروہ ہے جو ضعف ایمان کے سبب اسلام میں داخل ہوئے تھے نفاق عملی۔

سوال نمبر 52 صاحب نفاق عملی کی کتنی صورتیں ہیں؟

1. ان میں کچھ لوگ قوم کی پیروی کرتے ہیں اگر قوم ایمان لائے گی تو ایمان لائیں گے کفر کرے گی تو کفر کریں گے
2. ان میں کچھ لوگ ایسے ہیں جن کے دلوں میں دنیا کی محبت ایسے رچ بس گئی ہے اللہ و رسول کی محبت کی کوئی جگہ نہ رہی
3. بعض لوگ وہ ہیں جن کے دلوں میں مال کی حرص، حسد، بغض داخل ہو گیا تو وہ حلاوت مناجات، برکات عبادت نہ پا سکے
4. بعض وہ ہیں جو امور معاش میں اتنے مشغول ہو گئے کہ امور معاد کے بارے میں غور کرنے کا وقت نہ ملا
5. بعض وہ ہیں جن کے دلوں میں حضور پاک کی رسالت کے بارے میں شک و شبہات تھے۔

سوال نمبر 53 نفاق کی دونوں اقسام پر مطلع ہونے کی صورت بیان کریں۔

نفاق کی پہلی قسم پر مطلع ہونا ناممکن ہے کیونکہ یہ علم غیب کی قبیل سے ہے اور یہ ہمارے لئے ممکن نہیں ہے
دوسری قسم پر مطلع ہونا ممکن ہے یہ ہمارے ہاں عام پائی جاتی ہے۔

Scanned with CamScanner

Day: Date:

سوال نمبر ۱۶: منافق کی نشانیاں بیان کریں۔

جس میں چار خصلتیں ہوں گی وہ منافق ہے

i۔ بات کرے جھوٹ بولے ii۔ وعدہ خلافی

iii۔ امانت میں خیانت iv۔ جھگڑے وقت گالی

سوال نمبر ۱۷: مثال کے ساتھ منافقین کے احوال کی وضاحت کریں۔

اگر آپ ان کے نمونوں کو دیکھنا چاہتے ہیں تو آج کے امراء کی طرف دیکھیں کیسے وہ اپنی رضا کو شارع کی رضا پر فضیلت دیتے ہیں نبی کا کلام سنے بغیر نفاق کی راہ پر چلتے ہیں حکم کے خلاف پر ترجیح دیتے ہیں مخالفت پر ثابت قدم رہتے ہیں۔

سوال نمبر ۱۸: مقصد قرآن کریم فی بیان محامد بیان کریں۔

جب آپ قرآن شریف کی قراءت کریں تو یہ گمان نہ کریں کے مخاصمت صرف ان کے ساتھ خاص تھی جو گزر گئے بلکہ اس زمانے میں بطریق نمونہ موجود ہے اس حدیث کی وجہ سے (لتتبعن سنن من کان قبلکم)

سوال نمبر ۱۹: تعریفات:

★ آخری دو ساکنوں سے پہلے جو حرف متحرک ہو وہاں سے آخر شعر تک جتنے حروف ہیں ان کے مجموعے کو قافیہ کہتے ہیں۔

★ قافیہ کا حرف اصلی جس پر قافیہ کا مدار ہوتا ہے اور جس کی طرف قافیہ کی نسبت کی جاتی ہے اس کو روی کہتے ہیں۔

★ اگر روی سے قبل حرف ساکن ہو تو اس کو مقید اور قافیہ کو مقیدہ کہتے ہیں اگر حرف متحرک ہو تو اس کو مطلق اور قافیہ کو مطلقہ کہتے ہیں۔

★ ردیف اس کلمہ کو کہتے ہیں جو غزل کے مطلع کے دونوں مصرعوں میں اور ہر شعر کے آخر

Scanned with CamScanner

Day: ________ Date: ________

میں فاعلیہ کے بیچ بار بار آتا ہے۔

★ صدر، عجز، عروض، ضرب، حشو کی تعریفات کریں۔

شعر کے پہلے مصرع کو صدر اور دوسرے مصرع کو عجز کہتے ہیں
شعر کے پہلے رکن کو صدر جبکہ پہلے مصرع کے آخری جزء کو عروض کہتے ہیں
دوسرے مصرع کے پہلے جزء کو ابتداء اور آخری جزء کو ضرب کہتے ہیں
صدر اور عروض کے درمیان جو اجزا اور ارکان ہوں ان کو حشو کہتے ہیں۔

★ سبب کی تعریف کریں نیز اس کی کتنی اقسام ہیں؟

دو حرفی کلمہ کو سبب کہتے ہیں اس کی دو اقسام ہیں 1۔ سبب ثقیل 2۔ سبب خفیف
ایسے دو حرفی کلمہ کو جس کا آخری حرف ساکن ہو سبب خفیف کہتے ہیں
ایسے دو حرفی کلمہ کو جس کا آخری حرف متحرک ہو اس کو سبب ثقیل کہتے ہیں؟

★ وتد کی تعریف کریں نیز اس کی کتنی اقسام ہیں؟

تین حرفی کلمہ کو وتد کہتے ہیں اس کی دو اقسام ہیں 1۔ وتد مجموع 2۔ وتد مفروق
جس تین حرفی کلمہ کے پہلے دونوں متحرک اور تیسرا ساکن ہو تو اس کو وتد مجموع کہتے ہیں
اگر تین حرفی کلمہ کے درمیان والا حرف ساکن ہو تو اس کو وتد مفروق کہتے ہیں

★ فاصلہ صغریٰ اور فاصلہ کبریٰ کی تعریفات کریں۔

اگر پہلے تین حرف متحرک اور چوتھا حرف ساکن ہو تو اس کو فاصلہ صغریٰ کہتے ہیں
اگر پہلے چار حروف متحرک ہوں اور پانچواں حرف ساکن ہو تو اس کو فاصلہ کبریٰ کہتے ہیں

★ زحاف اور علت کی تعریف کریں۔

جو تغیر یعنی تبدیلی سبب خفیف یا ثقیل کے دوسرے حرف میں ہو اس کو زحاف کہتے ہیں
جو تبدیلی عروض اور ضرب میں ہو اس کو علت کہتے ہیں
اگر کسی رکن میں ایک ہی جگہ تغیر ہوا ہو تو اس کو زحاف منفرد کہتے ہیں
اگر کسی رکن میں ایک ہی جگہ دو تغیر ہو اس کو زحاف مزدوج کہتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

جامعۃ المدینہ پنڈی بھٹیاں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محمد حسین عطاری

Day: اصول حدیث Date:

12

سوال نمبر 57

تذکیر با آلاء اللہ اور اثبات ذات صفات بیان کریں۔

قرآن کریم کے نزول کا مقصد تمام لوگوں کی اصلاح کرنا ہے چاہے وہ کسی ملک یا علاقے سے تعلق رکھتے ہوں جیسے عرب عجم شہری دیہاتی اس وجہ سے اللہ پاک نے تذکیر با آلاء اللہ میں اس انداز میں کلام فرمایا جو لوگ جانتے ہیں ان کی عقلیں ان کا احاطہ کر سکتی ہیں۔

سوال نمبر 58

اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات و صفات کو کس انداز میں بیان فرمایا؟

اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات و صفات کو اجمالاً بیان فرمایا ہے اس لیے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات کا علم تمام بنی آدم میں جاری ہے لہذا اعتدال کے قریب اور قابل رہائش علاقوں کے لوگ ذات کا انکار نہیں

سوال نمبر 59

اسلوب قرآن فی بیان آلاء اللہ بیان کریں۔

جب اللہ نے اپنی نعمتوں کو بیان کرنا چاہا تو ان نعمتوں کو اختیار فرمایا جو ہر ایک کی عقل میں آ جائے چاہے عربی ہو عجمی ہو شہری ہو ہر قسم کے افراد اس کو سمجھ سکتے ہیں۔

سوال نمبر 60

اسلوب قرآن فی بیان ایام اللہ بیان کریں۔

اللہ نے جن واقعات کو بیان فرمایا ہے جیسے مسلمانوں پر نعمتوں کا تذکرہ کافروں پر عذاب کا تذکرہ ان کو اجمالاً بیان فرمایا جن سے اہل عرب مانوس تھے اس لیے ان کو تفصیل کے ساتھ بیان نہ فرمایا۔

سوال نمبر 61

وہ کونسے قصے ہیں جو قرآن میں متکرر ہیں؟

1۔ آدم علیہ السلام کی تخلیق کا قصہ 2۔ حضرت لوط، نوح، ہود، ابراہیم کا اپنی قوم کے ساتھ محاکمہ 3۔ یونس [illegible] عائشہ کا واقعہ 4۔ سلیمان اور داؤد کی خلافت 5۔ موسیٰ و فرعون کا مکالمہ

Scanned with CamScanner

## سوال نمبر 62

غیر متکلم قصے جو قرآن میں ہے ان کو بیان کرو؟

1۔ ادریس کے موضوع ہونے کا قصہ 2۔ ابراہیم کا نمرود کے ساتھ مناظرہ 3۔ یوسف کا قصہ
4۔ قصہ بلقیس 5۔ گائے ذبح کرنے والا 6۔ موسیٰ کا خضر سے ملاقات

## سوال نمبر 63

تذکیر بالموت و ما بعدہ میں کس چیز کا بیان ہے؟

اصل میں انسان کی کیفیت جو موت کے وقت ہوتی ہے اس کا بیان ہے اور اس گھڑی میں
بندے کے عاجز ہونے کا بیان ہے موت کے بعد جنت دوزخ کے پیش ہونے کا بیان قیامت کی نشانیاں

## سوال نمبر 64

اشتراط الساعۃ بیان کریں۔

عیسیٰ کا نازل ہونا، دجال کا نکلنا، دابۃ الارض کا نکلنا، یاجوج ماجوج کا نکلنا
حشر و نشر، سوال جواب، میزان، جنت دوزخ میں دخول

## سوال نمبر 65

مباحث احکام میں فوز الکبیر میں کیا کلیہ قاعدہ بیان کیا گیا ہے؟

اللہ نے حضور کریم کو ملت ابراہیم کے ساتھ مبعوث فرمایا تو اس بات کا اتفاق فیصلہ تھا کہ
تمام احکام ملت ابراہیمی کے ساتھ باقی ہوں گے ان میں کوئی تبدیلی نہ ہوگی سوائے تین کے
i۔ حکم کی تخصیص ii۔ اوقات کی تعین iii۔ حدود کی تشریح

## سوال نمبر 66

دین حنیف کی عبادات میں فتور کے اسباب تحریر کریں۔

i۔ احکامات بجا لانے میں سستی ii۔ اکثر لوگوں کا ان احکامات
سے واقف نہ ہونا iii۔ ان احکامات میں اہل جاہلیت کی تحریف کا داخل ہو

سوال نمبر 67

تدبیر منزل اور سیاست کے بارے میں قرآن کریم کا اسلوب کیا تھا؟

تدبیر منزل میں بھی غلط قسم کا لگاؤ تھا سوسائٹی میں اس طرح سیاست مدنیہ بھی ان کے مابین مختلف ہو گئی تھی تو قرآن نے ان کے اصول وحدود وغیرہ کو ضبط کر کے ان کی بیشتر چھوٹی بڑی چیزوں کو بیان کیا

سوال نمبر 68

"القرآن اجمل والسنت فصلت" کی وضاحت کریں۔

قرآن پاک نے جن احکامات کو اجمالاً بیان کیا سنت رسول نے ان کی تفصیل بیان کی ہے جیسے اذان دینے مساجد بنانے جماعت، نمازوں کے اوقات، زکوٰۃ کے مسائل روزے اور حج کے مسائل، حج اور جہاد کے مسائل

سوال نمبر 69

قرآن پاک میں وہ کس نوعیت کے مقامات ہیں جو حوادث اور واقعات کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں؟

قرآن پاک کی بعض آیات مخصوص واقعات سے تعلق رکھتی ہیں مگر ان کا حکم عام ہے مثلاً حضور پاک سے خاص فرد کے لئے کیا جاتا تو اللہ پاک اسکا جواب دیتا یا ایسا واقعہ پیش آتا جس میں ایمان والے اپنے مال وجان کے ذریعے سخاوت کرکے عمدہ ہوتے اور منافق بخیل ہوتے۔

سوال نمبر 70

قرآن کریم میں کونسے قصے بطور تعریفی بیان ہوئے ہیں؟

غزوہ بدر کے لئے سورۃ انفال میں اشارہ آئے 2۔ غزوہ احد کے لئے سورۃ آل عمران میں اشارہ آئے
3۔ غزوہ خندق کے لئے الاحزاب میں اشارہ 4۔ صلح حدیبیہ کے لئے سورۃ فتح میں اشارے آئے

سوال نمبر 71

نظم قرآن کے معانی میں خفاء کے اسباب بیان کریں۔

قرآن کریم کا نزول خالص عربی زبان میں ہوا اہل عرب اپنی فطری جبلی ذوق سلیم کی مدد سے اس کے معنی منطوق و مدلول اور اس کے مراد مفہوم کو عموماً سمجھ لیا کرتے

## سوال نمبر 72

شارح کن کاموں سے راضی نہیں ہوتا ہے؟

شارح قرآن پاک کے متشابہات کی تاویل میں غور و خوض کرنے، صفات الٰہیہ کی تصویر کشی جسم کو بیان کرنے اور چیزوں کو واضح بیان کرنے کو پسند نہیں فرماتا۔

## سوال نمبر 73

لفظ کے ذریعے مراد نا سمجھنے کے (الفوز الکبیر) قرآن کریم میں کتنے اور کونسے اسباب لکھے گئے ہیں؟

1- مراد کو غیر مانوس لفظ کے استعمال کی وجہ سے نہیں سمجھا جاتا 2- ناسخ منسوخ میں فرق نہ ہونے کی وجہ سے
3- مراد کو سبب نزول سے غفلت کی وجہ سے 4- مقدم کو مؤخر یا مؤخر کو مقدم کرنے کی وجہ سے
5- مراد کو تکرار اور طول کی وجہ سے 6- مراد کو اختصار اور ایجاز کی وجہ سے

## سوال نمبر 74

قرآن کریم کی غریب الفاظ کی شرح کس سے روایت ہے؟ اس روایت کی اسناد کے مراتب بیان کریں

قرآن کریم کے غریب الفاظ کی سب سے بہترین شرح حضرت عبداللہ بن عباس کی وہ روایت ہے جو حضرت ابو طلحہ کی سند سے آئی امام بخاری نے بھی اپنی صحیح بخاری میں اسی پر اعتماد کیا ہے حضرت ابن عباس کی وہ روایت جو ضحاک کی سند سے آئی۔

## سوال نمبر 75

صحابہ کرام لفظ کی تفسیر کس طرح کرتے تھے اور متاخرین کس طرح کرتے تھے؟

صحابہ کرام لفظ کے معنی کے ذریعے اس کی تفسیر کرتے تھے اور متاخرین پرانی تفاسیر کو اسی طریقے پر لائے ہیں جو لغت کی پیروی کرتا ہے۔

## سوال نمبر 76

صحابہ و تابعین لفظ نسخ کو کس معنی میں استعمال کرتے تھے؟

صحابہ کرام کے کلام میں غور و فکر کرنے سے اس بات کو جانا گیا ہے کہ وہ لفظ نسخ کو لغوی معنی کے مقابلے میں استعمال کرتے تھے اور نسخ کا معنی یہ ہے "ایک شے کا دوسری شے سے ازالہ کرنا"

Scanned with CamScanner

Day:________ Date:________

## سوال نمبر 77

متقدمین کے نزدیک نسخ کا کیا معنی ہے؟

متقدمین کے نزدیک نسخ کا معنی ہے ایک آیت کے بعض اوصاف کو دوسری آیت کے ذریعے زائل کرنا ہے خواہ وہ عمل کی مدت کے ختم ہونے کو بیان کرتی ہو۔

## سوال نمبر 78

متأخرین کی اصطلاح میں منسوخ آیات کتنی ہیں؟

متأخرین کی اصطلاح میں منسوخ آیات بہت کم ہیں اور جو توجیہ شاہ ولی اللہ نے اختیار کیا ہے اس سے تعداد اور بھی کم ہو جاتی ہے

## سوال نمبر 79

امام سیوطی نے اپنی کتاب میں کتنی آیات کو منسوخ قرار دیا ہے؟

امام سیوطی نے اپنی کتاب میں ابن العربی کی موافقت کرتے ہوئے 20 آیات کو منسوخ قرار دیا ہے
شاہ ولی اللہ کے نزدیک ان 20 آیات میں بھی کلام ہے۔

## سوال نمبر 80

امام سیوطی کے نزدیک سورہ بقرہ میں کتنی اور کونسی آیات منسوخ ہیں؟

ان کے نزدیک سورہ بقرہ میں چھ آیات منسوخ ہیں

كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ ، وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ
أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ ، يَسْأَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ ، وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ كَافَّةً

## سوال نمبر 81

امام سیوطی کے نزدیک آل عمران میں کتنی اور کونسی آیات منسوخ ہیں،

ان کے نزدیک سورہ آل عمران میں ایک آیت منسوخ ہے

اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ یہ آیت فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ

Scanned with CamScanner

Day: Date:

## سوال نمبر 82

امام سیوطی کے نزدیک سورۃ نساء میں کتنی اور کونسی آیات منسوخ ہیں؟

ان کے نزدیک سورۃ نساء میں 3 آیات منسوخ ہیں۔

والذین عقدت ایمانکم  ۔  واذا حضر القسمۃ

والتی یاتین الفاحشۃ

## سوال نمبر 83

امام سیوطی کے نزدیک سورۃ مائدہ میں کتنی اور کونسی آیات منسوخ ہیں؟

1۔ ولا الشھر الحرام

2۔ فان جاءوک فاحکم بینھم او اعرض عنھم

3۔ او اخران من غیرکم

## سوال نمبر 84

امام سیوطی کے نزدیک سورۃ انفال میں کتنی آیات منسوخ ہیں؟

ان یکن منکم عشرون صابرون

## سوال نمبر 85

امام سیوطی کے نزدیک سورۃ براءۃ میں کتنی آیات منسوخ ہیں؟

انفروا خفافا وثقالا

## سوال نمبر 86

امام سیوطی کے نزدیک سورۃ نور میں کتنی آیات منسوخ ہے؟

الزانی لا ینکح الا زانیۃ

لیستاذنکم الذین ملکت ایمانکم

Scanned with CamScanner

## سوال نمبر 87

سورۃ احزاب، مجادلہ، ممتحنہ، مزمل میں کتنی آیات منسوخ ہیں

سورۃ احزاب میں: لَا یَحِلُّ لَکَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدُ

مجادلہ میں: اِذَا نَاجَیْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا

ممتحنہ میں: فَاٰتُوا الَّذِیْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا

مزمل میں: قُمِ اللَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا منسوخ ہے۔

## سوال نمبر 88

جلال الدین سیوطی نے ابن العربی کی موافقت میں کیا فرمایا؟ ان کے نزدیک کتنی آیات منسوخ ہیں

جلال الدین نے ابن العربی کی موافقت میں فرمایا ہے کہ 21 آیات منسوخ ہیں

امام جلال الدین کے نزدیک 19 آیات منسوخ ہیں شاہ ولی اللہ کے نزدیک 5 آیات منسوخ ہے

## سوال نمبر 89

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے نزدیک کتنی آیات منسوخ ہیں؟

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے نزدیک 5 آیات منسوخ ہیں۔

## سوال نمبر 90

صحابہ کرام و تابعین کس واقعہ کے لئے "نزلت فی کذا" استعمال کرتے تھے؟

صحابہ کرام و تابعین کے کلام سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ صرف اس واقعہ کے لئے نزلت فی کذا استعمال نہیں کرتے تھے جو حضور کے زمانہ میں پیش آیا بلکہ کبھی کبھار آیت جس واقعہ پر صادق آتی بیان کر دیتے تھے۔

## سوال نمبر 91

محدثین آیات قرآنیہ کے ضمن میں ایسی کونسی چیزیں بیان فرماتے جن کا اسباب نزول سے تعلق نہیں ہوتا؟

صحابہ کرام کے اپنے مباحث میں آیت کو بطور دلیل آیت قرآنیہ کی تلاوت کرنا

آیت کے نازل ہونے کی جگہ متعین کرنا — کسی قرآنی کلمے کے تلفظ کو بیان کرنا

قرآن پاک کی آیات اور سورتوں کی فضیلت بیان کرنا

Scanned with CamScanner

## سوال نمبر 92

اسباب نزول کے باب میں مفسر کے لئے کتنی چیزوں کا ہونا ضروری ہے؟

ان واقعات کو جاننا جن کی طرف آیات کے اندر اشارہ کیا گیا ہے

ان واقعات کو جاننا جو عام کو خاص کرنے کا فائدہ دیتے ہیں

## سوال نمبر 93

کیا گزشتہ انبیاء کرام کے تمام واقعات حدیث میں وارد ہوئے ہیں؟

گزشتہ انبیاء کرام کے تمام واقعات حدیث میں، لیکن کم وارد ہیں۔ لمبی لمبی حکایات و واقعات جن کو بیان کرنے میں مفسر زحمت اٹھاتے ہیں وہ اہل کتاب سے منقول ہے۔

## سوال نمبر 94

صحابہ و تابعین کے فرمان "نزلت الآیۃ فی کذا" سے ان کی کیا مراد ہے؟

بعض اوقات صحابہ کرام و تابعین مشرکوں اور یہودیوں کے مذاہب اور ان کی جاہلانہ عادات واضح کرنے کے لئے تفصیلی حکایات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں "نزلت الآیۃ فی کذا"

## سوال نمبر 95

قرآن پاک میں کتنی صورتیں بکثرت بیان کی گئی ہیں؟

1- خیر والی صورت 2- شر والی صورت

خیر والی صورت میں سعادت والے بعض اوصاف ذکر کیے جائیں

شر والی صورت میں بدبختی والے اوصاف ذکر کیے جائیں۔

## سوال نمبر 96

قرآن پاک کی بعض آیتوں کو سوال جواب کی صورت میں کیوں پیش کیا گیا ہے؟

بعض دفعہ قرآن کریم میں کسی ظاہر وارد ہونے والے شبہ کا ازالہ کیا جاتا ہے جس کا مقصد پچھلے کلام کی تشریح کرنا ہوتا ہے تاکہ اس وقت کسی نے سوال کیا ہو تو اس کا جواب دیا جا رہا ہو۔

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 97

فن توجیہ سے کیا مراد ہے؟

فن توجیہ سے مراد کلام کی صورت کو بیان کرنا

کبھی کبھار کسی آیت میں بظاہر صورۃ لعبیر ہونے کی وجہ سے شبہ ہوتا ہے جس پر وہ آیت دلالت کرتی ہے یا دو آیتوں میں تناقض ہوتا ہے جب مفسرین کو حل کرتا ہے تو اسے توجیہ کا نام دیتے ہیں

سوال نمبر 98

فن توجیہ کی امثلہ کو بیان کریں۔

سوال نمبر 99

امام بخاری ترمذی حاکم نے اسباب نزول و توجیہ کے بارے میں اپنی تفاسیر میں جن احادیث کو بیان کیا انکو مذکور کرو؟

سوال نمبر 100

قرآنی الفاظ میں پوشیدگی کے اسباب بیان کریں۔

i۔ جملے یا کلام کے بعض اجزاء حروف کو حذف کر دینا ii۔ ایک شے کو دوسری شے سے بدل دینا

iii۔ مقدم کو مؤخر کرنا iv۔ مؤخر کو مقدم کرنا v۔ استعارہ مکنیہ و مجاز عقلی کو ذکر کرنا

سوال نمبر 101

حذف کی کتنی اقسام ہیں؟

حذف کی بہت ساری اقسام ہیں: حذف مضاف، حذف موصوف، حذف متعلق

سوال نمبر 102

واذ قال ربک للملائکۃ اور واذ قال موسیٰ میں اذ کو کس معنی میں استعمال ہوا ہے۔

ان جیسی مثالوں میں اذ کا معنی تخویف اور ترهیب ہے اصل معنی اذ کا فعل کا ظرف ہونا ہے

سوال نمبر 103

کیا کلام عرب میں ان مصدریہ کے جار کو حذف کیا جاتا ہے؟

کلام عرب میں ان مصدریہ کے جار کو حذف کیا جاتا ہے وہ لان، بان، اور ان کے معنی میں استعمال ہوتا

Scanned with CamScanner

## سوال نمبر 104

ابدال فعل بفعل کسے کہتے ہیں؟

ایک فعل کو دوسرے فعل کی جگہ مختلف اغراض کے لیے ذکر کرنے کو ابدال فعل بفعل کہتے ہیں
مثلاً مَنَّا تُفَجِّرُوْنَ اس آیت میں تَنْفِرُوْنَ کی جگہ تُفَجِّرُوْنَ آیا ہے۔

## سوال نمبر 105

ابدال اسم باسم کسے کہتے ہیں؟

ایک اسم کی جگہ دوسرے اسم کو ذکر کرنا ابدال اسم باسم کہلاتا ہے مثلاً وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ
اس آیت میں قانتات کی جگہ قٰنِتِيْنَ آیا ہے۔

## سوال نمبر 106

ابدال حرف بحرف کسے کہتے ہیں؟

ایک حرف کی جگہ دوسرے حرف کو ذکر کرنا ابدال حرف بحرف کہلاتا ہے مثلاً
وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ میں اِلَيْهَا کی جگہ لَهَا آیا ہے۔

## سوال نمبر 107

ابدال جملہ بجملہ کسے کہتے ہیں۔

ایک جملہ کی جگہ دوسرے جملہ کو ذکر کرنا یہ اس وقت پایا جاتا ہے جب محذوف شدہ جملہ سے حاصل
ہونے والے مضمون اور اس کے وجود کے سبب کہ یہ موجود جملہ دلالت کر رہا ہو
لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ لو جُزُوْا کی جگہ لَمَثُوْبَةٌ آیا ہے۔

## سوال نمبر 108

ابدال التنکیر بالتعریف کسے کہتے ہیں؟

کبھی کبھار اصلی کلام تنکیر کا تقاضا کرتا ہے جس پر الف لام لگا کر اور اضافت کر کے
اسے معرفہ بنا دیا جاتا ہے معنی نکرہ والا ہی رہتا ہے مثلاً وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ یعنی اس
آیت میں قِيْلَ لَهٗ يَا رَبِّ ہے

Scanned with CamScanner

Day: Date:

## سوال نمبر 109

ابدال التانیث والتذکیر والافراد" سے کیا مراد ہے؟

کبھی کبھار کلام کا فطری اسلوب اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ ضمیر کو مذکر مؤنث یا مفرد لایا جائے لیکن اس فطری اسلوب سے کلام کو نکال کر ضمیر کو مذکر یا مؤنث جمع کو مفرد لایا جاتا ہے

فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّیْ هٰذَا اَكْبَرُ

## سوال نمبر 110

ابدال التثنیہ بالمفرد کسے کہتے ہیں؟

کبھی کبھار تثنیہ کی جگہ مفرد کو ذکر کیا اسے ابدال تثنیہ بالمفرد کہتے ہیں مثلاً

اللّٰہُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ

## سوال نمبر 111

ابدال الجزاء وجواب القسم بجملۃ مستقلۃ سے کیا مراد ہے؟

کبھی کبھار کوئی کلام جزاء کو صورت جزاء میں شرط کو صورت شرط میں اور جواب قسم کو صورت قسم لانے کا تقاضہ کرتا ہے مگر کلام میں تصرف کر کے جزاء وجواب قسم کے جز کو معنی کی رعایت کرتے ہوئے کلمہ مستانفہ بنا دیا جاتا ہے اور کوئی ایسی چیز بیان کر دی جاتی ہے جو اس محذوف کی طرف ذھن کی راہنمائی کرے

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا

## سوال نمبر 112

ابدال الخطاب بالغیبہ سے کیا مراد ہے؟

کبھی کبھار کلام کا اسلوب بدل دیا جاتا ہے اس طرح کے کلام خطاب کا تقاضا کرتا ہے اور اسے غائب کی صورت میں ذکر کر دیا جاتا ہے۔

حَتّٰۤى اِذَا كُنْتُمْ فِی الْفُلْكِ

Scanned with CamScanner

Day:
Date:

## سوال نمبر 113

ابدال الاخبار بالانشاء و بالعکس سے کیا مراد ہے؟

کبھی کبھار اخبار کی جگہ انشاء کو اور انشاء کی جگہ اخبار کو ذکر کیا جاتا ہے
فَاخْشَوْنِي مثلاً کبھا میں لِيَخْشَوْا کی جگہ فَاخْشَوْا ہے۔

## سوال نمبر 114

مراد کو سمجھنے کے لئے کس کی ضرورت ہوتی ہے؟

کبھی کبھار مراد کو سمجھنے کے لئے تقدیم و تاخیر کی ضرورت ہوتی ہے۔

## سوال نمبر 115

فطری اسلوب کلام میں زیادتی کی کتنی اقسام ہیں؟

درج ذیل وہ طریقے ہیں جن کی وجہ سے کلام میں زیادتی کی جاتی ہے۔

i- صفت ii- بدل iii- عطف تفسیری
iv- تکرار v- فاعل یا مفعول بہ پر حرف جر کا اضافہ کرکے

## سوال نمبر 116

کیا واؤ صرف عطف کے لئے آتا ہے؟

بہت سے مقامات ایسے ہیں جہاں پر واؤ عطف کے لئے نہیں بلکہ تاکید اتصال کے لئے
آتا ہے مثلاً اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ

## سوال نمبر 117

کیا انتشار ضمائر کی وجہ سے مراد سمجھنے میں دشواری ہوتی ہے؟

کبھی کبھار انتشار ضمائر کی وجہ سے مراد سمجھنے میں دشواری ہوتی ہے اور کبھی
ایک کلمے کے دو یا دو سے زیادہ معانی میں سے مراد سمجھنا مشکل ہوتا ہے
مثلاً وَقَالَ قَرِينُهُ اس میں ایک جگہ شیطان دوسری جگہ فرشتہ مراد ہے۔

Scanned with CamScanner

Day: Date:

## سوال نمبر 118

جعل کونسے کونسے معانی میں استعمال ہوتا ہے؟

کبھی جعل خلق کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ

کبھی جعل اعتقد کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

## سوال نمبر 119

لفظ شیء کس کس جگہ پر استعمال ہوتا ہے؟

لفظ شیء فاعل، مفعول بہ اور مفعول مطلق کی جگہ پر استعمال ہوتا ہے

اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَیْرِ شَیْءٍ یعنی من غیرِ خالقٍ

## سوال نمبر 120

الامر، النباء، الخطب سے کیا مراد ہے؟

الامر، النباء اور الخطب سے مراد کبھی مخبر عنہ جس کے بارے میں خبر دی جارہی ہے وہ مراد ہوتا ہے۔ مثلاً هُوَ نَبَؤٌا عَظِیْمٌ

## سوال نمبر 121

کیا کوئی آیت نازل ہونے میں مقدم اور تلاوت میں مؤخر ہوسکتی ہے؟

بالکل بعض آیات ہیں جو نازل ہونے میں مقدم ہیں مگر تلاوت میں مؤخر ہیں جیسے قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ

## سوال نمبر 122

محکم کسے کہتے ہیں؟

محکم اس کلام کو کہتے ہیں کہ اھل زبان اس کلام کا ایک ہی معنی سمجھے اور یہاں متقدم اھل عرب کی سمجھ معتبر ہے۔

Scanned with CamScanner

Date:

سوال نمبر 123

متشابہ کسے کہتے ہیں؟

متشابہ اس کلام کو کہتے ہیں جو دو معانی کا احتمال رکھے

سوال نمبر 124

متشابہ کے چند اسباب تحریر کریں۔

1- ضمیر کے دو مرجع ہو سکتے ہیں 2- ایک کلمہ دو معانی میں مشترک ہو

3- کلمہ کا عطف قریب و بعید دونوں پر ہو 4- جملہ میں عطف کا بھی اور نئے جملہ کا احتمال ہو

سوال نمبر 125

کنایہ کسے کہتے ہیں؟

احکام میں سے کوئی حکم ثابت کرکے اس سے بعینہ وہ حکم مراد نہ لیا جائے بلکہ اس سے یہ مقصود ہو کہ مخاطب کا ذہن اس کے لازم معنی کی طرف منتقل ہو لزوم عادی ہو یا عقلی ہو

سوال نمبر 126

مجاز عقلی کسے کہتے ہیں؟

مجاز عقلی یہ ہے کہ فعل کی غیر فاعل کی طرف اسناد کی جائے یا جو حقیقت میں مفعول بہ نہیں ہے اس کو مفعول بہ بنایا جائے دونوں کے درمیان مشابہت کے علاوہ کسی وجہ سے ایسا کیا جائے اور متکلم کے نزدیک یہ اسی کے شمار میں ہو اس کا ایک قرینہ ہو

سوال نمبر 127

کیا قرآن مبوّب اور مفصل کی صورت میں ہے؟

قرآن مبوّب اور مفصل کی صورت میں نہیں ہے قرآن مجموعہ مکتوبات کی طرح ہے

سوال نمبر 128

کس کے دور میں قرآن ترتیب میں جمع کیا گیا؟

حضرت ابوبکر صدیق کے دور میں قرآن خاص ترتیب میں ایک جلد میں تمام

Scanned with CamScanner

Day:__________ Date:__________

سورتوں سمیت جمع کیا گیا اور اس مجموعے کو مصحف کا نام دیا گیا۔ حضرت عثمان غنی نے مصحف نقول مختلف شہروں میں بھیجے

سوال نمبر 129

صحابہ کرام کے نزدیک تمام سورتیں کتنی اقسام میں منقسم ہوئی ہیں؟

صحابہ کرام کے نزدیک تمام سورتیں چار اقسام میں منقسم ہوئی ہیں۔

i۔ السبع الطوال ii۔ المئون iii۔ المثانی iv۔ المفصل

سوال نمبر 130

اللہ پاک نے سورتوں کا اختتام کیسے فرمایا؟

اللہ پاک نے جامع کلمات، حکیمانہ ہدایات اور تاکید بلیغ و تحدید پر اختتام کیا۔

سوال نمبر 131

قرآن کی سورتوں کی ابتداء اور انتہاء میں کس کی رعایت کی گئی ہے؟

قرآن پاک کی سورتوں کی ابتداء اور انتہاء میں مکتوب کی رعایت کی گئی ہیں۔

سوال نمبر 132

تعریض سے کیا مراد ہے؟

تعریض سے مراد ایسی عام بات کہنا جو کسی بھی شخص کے بارے میں ہو سکتی ہو مگر اس سے مقصد کسی خاص آدمی کی طرف اشارہ ہو یا اسے متوجہ کرنا ہو۔

سوال نمبر 133

السبع الطوال، المئون، المثانی، المفصل سے کیا مراد ہے۔

السبع الطوال: اس سے مراد وہ سورتیں جو طویل ترین ہیں

المئون: اس سے مراد ہر وہ سورت جو سو یا اس سے کچھ زیادہ آیات پر مشتمل ہو

المثانی: اس سے مراد وہ سورتیں جن کی تعداد سو سے کم ہے

المفصل: دو یا تین سورتیں جو المثانی کی ہیں وہ المئون کے مضمون کلام کی مناسبت سے المئون میں شامل ہے۔

Scanned with CamScanner

Date:

سوال نمبر 134

تفسیر میں دخول اسرائیلیات پر شاہ ولی اللہ نے کیا کلام کیا ہے؟

سوال نمبر 135

اصحاب تفسیر بالماثور سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 136

اعجاز اخباری اور اعجاز اسلوبی کی تعریفات کریں۔

سوال نمبر 137

عرب زبان کے رسائل کو سن اور دور میں بیان کرتے ہیں؟

سوال نمبر 138

یونانی الحان کے اوزان کو کیا نام دیتے ہیں؟

سوال نمبر 139

کو ورش میں اول باحرہ اور اسماعیل کے بارے میں کیا بشارتیں دی گئی ہے؟
یہودیوں نے روس میں کیا تاویلات کی؟

سوال نمبر 140

شاعری اور آیات کے مابین فرق بیان کریں۔

سوال نمبر 141

فہم قرآن کے مشکل مواضع بیان کریں۔

سوال نمبر 142

مفسرین کی کوئی سی تین تفاسیر یعنی اضافہ تحریر کریں۔

Scanned with CamScanner